بھی لائق تحسین ہیں کہ انہوں نے اس قیمتی سرمایہ کو پاکستان میں اہل علم کے لئے مہیا فرمایا اور اس کو حسن طباعت سے آراستہ کیا۔(مبصر: محمد اسلام حقانی)

● كفاية الحكمة اردو شرح هداية الحكمة ...... مؤلف: مولانا مفتی محمد صابر حقانی

ضخامت ۲۳۵صفحات .... ناشر: مؤتمر المصنفین جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

مولانا مفتی صابر حقانی جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے ہونہار فاضل اوراس وقت جامعہ مخزن العلوم لورالائی بلوچستان کے استادالحدیث کے منصب پر فائز ہیں، ایک وسیع المطالعہ جید عالم دین ،قدیم اور جدید فلسفہ پر کافی مہارت ودسترس اوردس سالہ تدریسی تجربہ بھی رکھتے ہیں اورساتھ لکھنے لکھانے ،تصنیف وتالیف کا بھی اچھے ذوق کے حامل ہیں ۔زیرتبصرہ کتاب كفاية الحكمة اردو شرح هداية الحكمة ان کے اسی ذوق تحریر کا آئینہ دار ہے ۔ هداية الحكمة درجہ خامسہ میں ایک انتہائی مشکل کتاب ہے جس کی عام فہم شرح کی ضرورت عرصہ دراز سے محسوس کی جارہی تھی، اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے برادرم مولانا مفتی محمد صابر حقانی نے اس کی شرح لکھ کر طلباء هداية الحكمة پر احسان فرمایا ،یہ شرح کافی خوبیوں کی حامل ہے ،عربی عبارت کے فوراً بعداس کی آسان تشریح عام فہم انداز میں پیش کی ہے اورامثلہ بھی خوبصورت پیرائے میں پروئے ہیں ۔ فاضل مؤلف چونکہ خود ماہر فلسفہ ہیں اورساتھ مغربی فلسفہ سے بھی آ گاہی رکھتے ہیں اس لئے ان کی مہارت اس علمی کتاب کے ہرصفحہ پر نمایاں ہے ۔مزید اسکی چاشنی، سہل نگاری، سلاست اورروانی قارئین خودمحسوس کریں گے گویا کہ یہ هداية الحكمة کی ایک کلید ہے ،طلباء اورمدرسین دونوں کیلئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے، کتاب کی کمپوزنگ اور طباعت بھی معیاری ہے، اللہ کتاب کوشرف قبولیت سے نوازے اورمؤلف کومزید علمی خدمات کی توفیق عطافرمائے ۔(مبصر: مولانا محمد اسلام حقانی)

● امام اعظم ابوحنیفہؒ کا شرف تابعیت ...... مؤلف: حافظ ظہوراحمد الحسینی

ضخامت: ۱۴۴صفحات ...... ناشر: خانقاہ امدادیہ مدرسہ عربیہ حنفیہ تعلیم الاسلام حضرو اٹک

زیرتبصرہ کتاب ''امام اعظم ابوحنیفہؒ کا شرف تابعیت'' مولانا ظہورالحسینی صاحب کی کاوش ہے،اس سے قبل امام اعظمؒ پر ان کی کئی کتابیں سامنے آچکی ہے،مولانا کو اللہ نے اعلیٰ علمی ذوق تصنیف سے مالامال فرمایا ہے ۔خصوصاً دفاع حنفیت ان کا خاص موضوع ہے اور افراط وتفریط کے اس دور میں اسی موضوع پر لکھنا ایک اہم ضرورت بھی ہے، یہ کتاب بھی ان کے حسن ذوق کی آئینہ دار ہے، مؤلف نے اس کاوش میں اس موضوع کا حق ادا کیا ہے اورامام اعظمؒ کے فضائل، اوصاف وکمالات کا خوب تذکرہ کیا ہے اورامام اعظمؒ کے شرفِ تابعیت پُرزور دلائل سے ثابت کیا ہے، امام اعظمؒ کی شرف تابعیت سے منکر حضرات کے تمام اعتراضات کے تسلی بخش جوابات بھی اسی کتاب کا حصہ ہے ۔کتاب کی طباعت ،کمپوز اور کاغذ سب اعلیٰ سے اعلیٰ تر ہے، اللہ مؤلف کی اس کاوش کو قبولیت عامہ سے نوازے ۔ آمین